ISSN 2977-3555
روزنامہ
صحافت
برمنگھم
باخبر، باا ثر حقیقتوں کا پیام بر
www.sahafat.in/uk
Birmingham Edition U.K.
Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun
Volume No.03, Issue No.121 , Saturday 08 November, 2025, 8 Pages
جلد نمبر (۳)، شمارہ نمبر (۱۲۱)، بروز ہفتہ، ۸ر نومبر، ۲۰۲۵ء، ۱۶ر رجب المرجب ۱۴۴۷، ۸ صفحات



’ملبے تلے دبے ہزاروں فلسطینیوں کی لاشوں کی تلاش کیلئے عالمی ٹیمیں فوری بھیجی جائیں‘ ص:08

# غزہ امن منصوبے کی منظوری کیلئے امریکہ کی تیار کردہ قرارداد پر بات چیت شروع

## بین الاقوامی فوج کے دائرہ کار پر اختلاف کا امکان، مسودہ قرارداد سلامتی کونسل کے 15 ارکان کو ارسال، حماس کی غیر مسلح کاری پر مسلم ممالک کے کچھ نمائندوں کو ہیں تحفظات

نیویارک، (ایجنسیاں): اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے کی منظوری کیلئے امریکہ کی تیار کردہ قرارداد پر بات چیت شروع ہوگئی ہے۔ ڈان اخبار میں شائع رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے کی منظوری کیلئے امریکہ کی تیار کردہ قرارداد پر بات چیت شروع کرنے جا رہی ہے، اب لگتا ہے کہ تجویز کردہ بین الاقوامی فوج کے کام کرنے کے دائرہ کار پر اختلاف پیدا ہو سکتا ہے۔ جمعرات کو امریکہ نے اہم عرب اور مسلم ممالک کے نمائندوں کے ساتھ اس قرارداد پر تفصیلی بات چیت شروع کی۔ ایک دن پہلے امریکہ نے یہ مسودہ قرارداد کونسل کے 15 ارکان کو بھیج دیا تھا اور حکام کا کہنا ہے کہ مصر، قطر، سعودی عرب، ترکیہ اور متحدہ عرب امارات اس متن کے حق میں ہیں۔ بدھ کو امریکی نمائندہ مائیکل والٹز نے اقوام متحدہ میں کونسل کے 10 منتخب ارکان کا اجلاس طلب کیا تا کہ غزہ پر قرارداد کے لیے علاقائی حمایت دکھائی جا سکے۔ اس اجلاس میں الجزائر، ڈنمارک، یونان، گویانا، پاکستان، پاناما، جنوبی



کوریا، سیرالیون، سلووینیا اور سومالیا کے نمائندے شامل تھے، جب کہ مصر، قطر، سعودی عرب، ترکیہ اور متحدہ عرب امارات کے سفیر بھی موجود تھے۔ بیان کے مطابق قرارداد کا مقصد امن بورڈ کو خوش آمدید کہنا اور صدر ٹرمپ کے 20 نکاتی منصوبے میں بیان کی گئی بین الاقوامی فورس (آئی ایس ایف) کو بااختیار بنانا ہے۔ امریکی میڈیا ایگزیوز نے بتایا کہ سفیر مائیکل والٹز نے نیویارک میں فلسطینی سفارتکاروں سے بھی اس مسودہ قرارداد پر بات کی۔ کونسل کی قرارداد منظور ہونے کے لیے کم از کم 9 ووٹ چاہیے اور روس، چین، فرانس، برطانیہ یا امریکہ میں سے کسی کا ویٹو نہیں ہونا چاہیے۔ سفارتکاروں کے مطابق جب سلامتی کونسل کسی مضبوط اقدام، جیسے فوج بھیجنے کا ارادہ کرتی ہے، تو وہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے باب 7 کے تحت بات کرتی ہے، یہ باب کونسل کو قانونی اختیار دیتا ہے کہ اگر کوئی صورتحال عالمی امن کیلئے خطرہ ہو تو وہ زبردستی اقدام کر سکے۔ عام طور پر باب 7 فعال کرنے کے لیے کہا جاتا ہے کہ صورتحال عالمی امن اور سلامتی کے لیے خطرہ ہے لیکن امریکی مسودہ میں کہا گیا ہے کہ غزہ کی صورتحال علاقائی امن اور پڑوسی ممالک کی سلامتی کے لیے خطرہ ہے۔ یہ فرق اہم ہے کیونکہ اس سے کچھ ممالک بعد میں کہہ سکتے ہیں کہ باب 7 باضابطہ طور پر فعال نہیں ہوا اور وہ منصوبے کے کچھ حصے چیلنج کر سکتے ہیں۔ یہ بات اس لیے بھی اہم ہے کیونکہ امن بورڈ کو غزہ کے انتظام کے لیے زیادہ اختیارات دینے کی ضرورت ہے، اگر مقامی حکام راضی نہ ہوں تو اس کیلئے اقوام متحدہ کو قانونی اجازت چاہیے ہوگی بصورت دیگر بین الاقوامی قانون کے مطابق غزہ اب بھی مقبوضہ علاقہ سمجھا جائے گا اور قابض ملک اسے بنیادی طور پر تبدیل نہیں کر سکتا۔ امریکی اہلکار نے کہا کہ ہم ممکنہ فوجی شراکت داروں سے مسلسل رابطے میں ہیں تا کہ دیکھیں کہ انہیں کس قسم کی اجازت اور زبان چاہیے، تقریباً سب ممالک کسی نہ کسی قسم کی بین الاقوامی اجازت چاہتے ہیں، ترجیح اقوام متحدہ کی ہے۔ امریکی اہلکار سے جب پوچھا گیا کہ مسودہ کب ووٹ کے لیے پیش ہوگا تو انہوں نے کہا کہ جتنا جلد ممکن ہو، بہتر ہے، ہم ہفتوں کی بات کر رہے ہیں، مہینوں کی نہیں۔

### آئی ایس ایف میں ہوں گے تقریباً 20 ہزار فوجی

مسودہ کے مطابق آئی ایس ایف کو تمام ضروری اقدامات کرنے کا اختیار ہوگا تا کہ وہ اپنا کام کر سکے، آئی ایس ایف شہریوں اور انسانی ہمدردی کی سرگرمیوں کی حفاظت کرے گی، اسرائیل، مصر اور نئی تربیت یافتہ فلسطینی پولیس کے ساتھ سرحد کی سکیورٹی بھی یقینی بنائے گی۔ فورس غزہ میں سکیورٹی مستحکم کرے گی اور غزہ کی غیر مسلح کاری کو یقینی بنائے گی، جس پر مسلم ممالک کے کچھ نمائندوں کو تحفظات ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق آئی ایس ایف کو حماس کو ہتھیار ڈالنے کا اختیار ہوگا لیکن امریکہ امید کرتا ہے کہ حماس معاہدے کے مطابق اپنے ہتھیار چھوڑ دے۔ سینئر امریکی اہلکار کے مطابق آئی ایس ایف میں تقریباً 20 ہزار فوجی ہوں گے۔ اگرچہ امریکہ نے اپنے فوجی نہ بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے، وہ انڈونیشیا، یو اے ای، مصر، قطر، ترکیہ اور آذربائیجان سے تعاون پر بات کر رہا ہے۔

## انڈونیشیا میں نماز جمعہ کے دوران خوفناک دھماکہ، 54 نمازی زخمی

جکارتہ، (ایجنسیاں): انڈونیشیا کی راجدھانی جکارتہ میں نمازِ جمعہ کے دوران مسجد میں ہونے والے دھماکے سے کم از کم 54 افراد زخمی ہو



گئے۔ اے ایف پی کے مطابق دھماکہ ایک تعلیمی ادارے کی مسجد میں اس وقت ہوا جب نمازِ جمعہ ادا کی جا رہی تھی۔ زخمیوں میں متعدد اساتذہ اور طلبہ بھی شامل ہیں، جنہیں فوری طور پر قریبی اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا۔ پولیس اور امدادی اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ ابتدائی رپورٹوں کے مطابق جائے وقوعہ سے ایک بندوق اور گولیاں بھی برآمد ہوئی ہیں، جس کے باعث حکام کو شبہ ہے کہ یہ واقعہ دہشت گردی کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔ انڈونیشین حکام کا کہنا ہے کہ دھماکے کی نوعیت اور اس کے پس منظر کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

## سندھ میں ڈینگی کی صورتحال تشویشناک، 24 گھنٹے میں مزید 4 اموات، 1192 کیسز رپورٹ

کراچی، (یو این آئی) پاکستان کے سندھ میں ڈینگی کا مرض تشویشناک صورتحال اختیار کر گیا، گزشتہ 24 گھنٹے میں صوبے میں



ڈینگی سے 4 افراد جاں بحق ہو گئے، محکمہ صحت سندھ کے مطابق رواں سال ڈینگی سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 25 ہو گئی۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹے میں سندھ میں ایک ہزار 192 کیسز ثبت آئے جن میں سے کراچی میں 642 اور حیدرآباد میں 550 کیسز رپورٹ ہوئے۔ محکمہ صحت کے مطابق رواں سال صوبہ سندھ میں ڈینگی کے 10 ہزار 502 کیسز رپورٹ ہوئے، سندھ کے سرکاری اسپتالوں میں 227 اور نجی اسپتالوں میں 212 مریض زیر علاج ہیں اسی طرح کراچی کے سرکاری اسپتالوں میں ڈینگی کے لیے 257 جبکہ نجی اسپتالوں میں 195 بستر مختص کیے گئے ہیں۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق کراچی میں 37 لیبارٹریز ڈینگی ٹیسٹنگ کر رہی ہیں جن میں سے 12 سرکاری اور 25 نجی لیبارٹریز ہیں۔

## چین نے امریکی زرعی اجناس کی محدود خریداری شروع کر دی

### تاجروں کو اب بھی سویا بین کی بڑی خریداری کا انتظار

بیجنگ، (ایجنسیاں): چین نے امریکہ کی زرعی مصنوعات کی محدود خریداری شروع کر دی، تاہم تاجروں کو اب بھی سویا بین کی بڑی خریداری کا انتظار ہے، کیونکہ وائٹ ہاؤس نے کہا تھا



کہ بیجنگ نے سال کے اختتام تک ایک کروڑ 20 لاکھ ٹن خریدنے کا وعدہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے ’رائٹرز‘ کی رپورٹ کے مطابق امریکی کسانوں کیلئے سب سے بڑی منڈی چین نے اپنی وسیع زرعی اجناس کی طلب کو تجارتی جنگ میں ایک طاقتور سودے بازی کے ہتھیار میں بدل دیا، جس کے تحت اس نے جوابی محصولات کے کئی دور کے بعد امریکہ سے گندم اور سویا بین خریدنے سے گریز کرتے ہوئے دیگر ذرائع سے خریداری کی۔ دو تاجروں نے جمعرات کو بتایا کہ چینی خریداروں نے امریکی گندم کی دو کھیپیں بک کی ہیں، جو گزشتہ سال اکتوبر کے بعد پہلی خریداری ہے، جبکہ ایک امریکی صنعت کے اہلکار نے بتایا کہ امریکہ سے چین کیلئے سورگم (ایک قسم کی دانہ دار فصل) کی ایک ترسیل روانہ کی گئی ہے۔ امریکی زرعی اجناس کی درآمد کے یہ سودے ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں، جب بیجنگ نے گزشتہ روز تصدیق کی تھی کہ اس نے امریکی درآمدات پر جوابی محصولات بشمول زرعی مصنوعات پر عائد ڈیوٹی معطل کر دیے ہیں، اگرچہ امریکی سویا بین کی ترسیلات پر اب بھی 13 فیصد ٹیکس برقرار ہے۔ ذرائع کے مطابق دسمبر میں ترسیل کے لیے تقریباً ایک لاکھ 20 ہزار ٹن کی خریداری میں ایک کھیپ امریکی نرم سفید گندم اور ایک کھیپ بہاری گندم شامل ہے۔

## قازقستان ابراہم معاہدوں میں شامل ہو رہا ہے: امریکی صدر

### اسرائیل اور مسلم اکثریتی ممالک کے درمیان تعلقات کو معمول پر لانے کی کوشش

واشنگٹن، (ایجنسیاں) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ قازقستان ابراہم معاہدوں میں شامل ہو کر اسرائیل اور مسلم اکثریتی ممالک کے درمیان تعلقات کو معمول پر لانے کے عمل کا حصہ بنے گا۔ خبر رساں ادارے ’رائٹرز‘ کی رپورٹ کے مطابق یہ اعلان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اسرائیلی وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو اور قازق صدر قاسم جومارت توقایف سے ٹیلی فونک گفتگو کے بعد سامنے آیا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنی سوشل میڈیا ویب سائٹ ’ٹروتھ سوشل‘ پر لکھا کہ ’قازقستان میرے دوسرے دور میں ابراہم معاہدوں میں شامل ہونے والا پہلا ملک ہوگا، ہم جلد ایک دستخطی تقریب کا اعلان کریں گے تا کہ اسے باضابطہ شکل دی جا سکے، اور بہت سے مزید ممالک اس طاقتور کلب میں شمولیت اختیار کرنے کے لیے قطار میں کھڑے



ہیں‘۔ قازق حکومت نے ایک بیان میں کہا کہ یہ معاملہ مذاکرات کے آخری مرحلے میں ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ’ابراہم معاہدوں میں ہماری متوقع شمولیت قازقستان کی خارجہ پالیسی کا ایک قدرتی اور منطقی تسلسل ہے جو مکالمے، باہمی احترام اور علاقائی استحکام پر مبنی ہے‘۔ قازقستان پہلے ہی اسرائیل کے ساتھ مکمل سفارتی اور اقتصادی تعلقات رکھتا ہے، اس لیے یہ اقدام زیادہ تر علامتی نوعیت کا ہوگا۔ تاہم امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے اس تاثر کی نفی کرتے ہوئے کہا کہ ’یہ صرف سفارتی تعلقات سے آگے کی ایک پیش رفت ہے، یہ ان تمام ممالک کے ساتھ ایک شراکت داری ہے جو اس معاہدے کا حصہ ہیں، جس سے مختلف امور پر منفرد اقتصادی ترقی کے امکانات پیدا ہوں گے‘۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے جمعرات کو وائٹ ہاؤس میں قازق صدر قاسم توقایف کے علاوہ کرغزستان، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان کے سربراہان سے بھی ملاقات کی، کیونکہ امریکا روس کے زیر اثر اور چین کے بڑھتے اثر و رسوخ والے وسطی ایشیا کے خطے میں اپنا کردار بڑھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ’یہاں موجود کچھ ممالک ابراہم معاہدوں میں شامل ہونے جا رہے ہیں، اور ان کا جلد اعلان کیا جائے گا‘۔ امریکی خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف نے اس سے قبل فلوریڈا میں ایک بزنس فورم کے دوران کہا تھا کہ وہ اعلان کے لیے واشنگٹن واپس جا رہے ہیں، اگرچہ انہوں نے ملک کا نام نہیں بتایا۔

## غیر قانونی اسرائیلی آبادکاروں کے تیار فصل پر حملے، چوری اور ضبطی

رام اللہ (یو این آئی) مسلح غیر قانونی اسرائیلی آبادکاروں نے مقبوضہ مغربی کنارے کے جنوبی شہر الخلیل میں فلسطینی زرعی زمینوں پر حملہ کیا، زیتون کی فصلیں چُرائیں اور پھلدار درختوں کو نقصان پہنچایا ہے۔

فلسطین خبر ایجنسی ※وفا※ نے عینی شاہدوں کی فراہم کردہ معلومات کے حوالے سے شائع کردہ خبر میں کہا ہے کہ جمعرات کی شام غیر قانونی اسرائیلی آبادکاروں کے گروہ نے، کہ جس میں کچھ مسلح افراد بھی موجود تھے، مسافر یطا میں فلسطینی خاندانوں کے زیتون کے باغات پر دھاوا بولا، زیتون کی فصل چُرائی اور اسے گاڑیوں میں بھر کے روانہ ہو گئے۔

قریبی گاؤں سوسیا میں بھی غیر قانونی مسلح آبادکاروں نے پہلے فلسطینی رہائشیوں کے کئی



زیتون کے درختوں کو نقصان پہنچایا بعد میں گھروں کے قریب اشتعال انگیز مارچ کیا اور گھروں کے قریب جانے کی کوشش کی۔ تاہم مقامی لوگوں نے ان کا سامنا کیا اور انہیں پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دیا۔ زیتون کی فصل فلسطینیوں کا بنیادی ذریعہ روزگار ہے اور فصل کی چُنائی کا موسم فلسطینی ثقافتی ورثے کا ایک اہم حصہ ہے۔ اس موسم میں غیر قانونی یہودی آبادکاروں کے حملوں میں ہمیشہ اضافہ ہو جاتا ہے۔

حقوقِ انسانی تنظیموں نے فلسطینیوں کو اپنی زمینیں چھوڑنے پر مجبور کرنے کے زیرِ مقصد کئے جانے والے فصل چوری، درختوں کی تباہی اور متواتر حملوں کے، ان واقعات کو دستاویزی شکل دی ہے۔ اسرائیلی حکام نے جمعرات کو بیت اللحم کے جنوبی قصبے الخضر اور قریبی گاؤں خربت زکریا کے فلسطینی رہائشیوں کو نئے نوٹس جاری کیے ہیں جن میں زمین ضبطی کے منصوبوں کی اطلاع دی گئی ہے۔ الخضر میونسپل کونسل کے سربراہ احمد صلاح نے کہا ہے کہ اسرائیلی فوج نے ہدف بنائے گئے علاقے کے قریب ایک بجلی کے کھمبے پر نوٹس چسپاں کیا ہے۔ نوٹس میں 400,1 مربع میٹر زمین پر قبضے کے ارادے کا اعلان کیا گیا اور مقامی فلسطینی آبادی کو اعتراضات جمع کرانے کے لیے سات دن کا وقت دیا گیا ہے۔ خربت زکریا دیہی کونسل کے سربراہ محمد عطا اللہ نے تصدیق کی ہے کہ گاؤں کی مضافاتی زمین کے لیے بھی ایک ایسا ہی ضبطی نوٹس جاری کیا گیا ہے تاہم اس بارے میں اطلاع نہیں دی گئی کہ کس علاقے پر قبضہ کیا جائے گا۔ یہ اقدامات مقبوضہ مغربی کنارے میں ایک طویل مدتی اسرائیلی اراضی قبضہ پالیسی کا حصہ ہیں۔

وفا نیوز ایجنسی کے مطابق، ایسے نوٹس، جنہیں اسرائیلی حکام اکثر ”فوجی ضروریات“ یا بستیوں کی توسیع کے بہانے جائز قرار دیتے ہیں، فلسطینی کسانوں کی اپنی زرعی زمین سے مکمل یا جزوی بے دخلی کے ذریعے فلسطینی آبادیوں کی بتدریج نقل مکانیوں کا سبب بن رہے اور غیر قانونی یہودی آبادیوں اور پولیس تھانوں کی توسیع کا موقع فراہم کر رہے ہیں۔

## برطانیہ، شام میں قائدانہ کردار پر، ترکیہ کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے: موریس

انقرہ (یو این آئی) انقرہ میں برطانیہ کی سفیر ’جل موریس‘ نے کہا ہے کہ ”شام کی پیش رفتوں میں ترکیہ کا کردار“ انتہائی اہم ”رہا ہے۔ برطانیہ، اس ”قائدانہ کردار“ پر ترکیہ کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے“۔ آج بروز جمعہ، استنبول میں منعقدہ باسفورس سربراہ اجلاس سے خطاب میں موریس نے کہا ہے کہ شام میں جھڑپوں کے خاتمے سے متعلقہ تبدیلی کی رفتار ”بہت حوصلہ افزا“ ہے۔

انہوں نے کہا ہے کہ ”ہم شامی حکومت کی طرف سے، بلواسطہ انتخابات کے انعقاد سمیت، سیاسی منتقلی کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ شامی عوام کا اعتماد جیتنے کے لیے انتخابی عمل کی شفافیت اور جامع شمولیت کلیدی اہمیت رکھتی ہے“۔ محترمہ موریس نے مزید کہا ہے کہ ”بڑھتے ہوئے عالمی



تنازعات اور دھڑے بندیوں کے ماحول میں براعظم یورپ کے دونوں سروں پر واقع مضبوط نیٹو اتحادی ملک□برطانیہ اور ترکیہ※ ان مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے باہمی تعاون کو مزید گہرا کر رہے ہیں“۔ غزہ میں انسانی بحران کے حوالے سے بات کرتے ہوئے موریس نے کہا ہے کہ ”دنیا نے، ناقابلِ تصور انسانی مصائب کا سبب بننے والی، ایک تباہ کن جنگ دیکھی ہے لیکن صدر ٹرمپ کی زیرِ قیادت مصر اور قطر کی طرف سے غزہ امن معاہدے میں ادا کردہ انمول کردار کی بدولت اس وقت ہمارے پاس ایک امید موجود ہے“۔ جل موریس نے کہا ہے کہ جنگ بندی کا پہلا مرحلہ فلسطینیوں کے لیے ”جنگ سے پاک ایک بہتر مستقبل کی تعمیر کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اب ہمیں، عبوری دور کے سلامتی قواعد تیار کر کے اور اصلاحاتی پروگرام کے ساتھ تعاون کر کے، اس موقعے کو یقینی بنانا چاہیے“۔ انہوں نے کہا ہے کہ برطانیہ، انسانی امداد کی فراہمی، سول۔ملٹری کوآرڈینیشن سینٹروں میں عملے کی تعیناتی اور بین الاقوامی برادری اور نجی شعبے کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے تعمیر نو میں سرمایہ کاری کر کے غزہ کے ساتھ تعاون کرنے کے بارے میں پُرعزم ہے۔

## عنقریب بارش نہ ہوئی تو تہران کو خالی کرنا پڑ سکتا ہے: صدرِ ایران

تہران (یو این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے خبردار کیا ہے کہ دارالحکومت تہران کو شدید پانی کی قلت کا سامنا ہو سکتا ہے اور اگر جلد بارش نہ ہوئی تو شہر کو خالی کرنا پڑ سکتا ہے۔ جمعرات کو مغربی ایران کے شہر سنندج کے دورے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے پزشکیان نے کہا کہ حکومت اقتصادی، ماحولیاتی اور سماجی بحرانوں کے مجموعے کا سامنا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی اور بلند قیمتیں داخلی پالیسیوں کی ناکامی اور بین الاقوامی پابندیوں دونوں کا نتیجہ ہیں۔

انہوں نے کہا، ”مہنگائی اور بلند قیمتوں کی ذمہ داری پارلیمنٹ اور حکومت دونوں پر عائد ہوتی ہے۔ ہماری کوششیں جاری ہیں، لیکن محدود مالی وسائل کی وجہ سے منصوبے مکمل نہیں ہو پا رہے۔“ خشک سالی سے پیدا ہونے والے پانی کے بحران پر بات کرتے ہوئے، پزشکیان نے خبردار کیا کہ ایران کو قدرتی چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں بارشوں اور آبی



وسائل کی کمی شامل ہے۔ انہوں نے کہا، ”اگر بارش نہ ہوئی تو ہمیں اگلے مہینے تہران میں پانی کی فراہمی محدود کرنی پڑے گی۔ اگر خشک سالی جاری رہی تو پانی ختم ہو جائے گا اور ہمیں شہر خالی کرنا پڑے گا۔“

صدر نے پانی اور توانائی کے وسائل کے بہتر انتظام اور تحفظ کی فوری ضرورت پر زور دیا اور تہران کی صورتحال کو ”تشویشناک“ قرار دیا۔

تہران کی پانی کی فراہمی پانچ بڑے ڈیموں، لار، مالمو، امیر کبیر، طالقان، اور لتیان پر منحصر ہے، جن میں امیر کبیر سب سے بڑا ہے۔ تاہم، ایران کو گزشتہ پانچ سالوں میں بارشوں میں نمایاں کمی کا سامنا کرنا پڑا ہے، اور موسمیاتی اعداد و شمار کے مطابق امسال تہران میں بارشیں موسمی اوسط سے تقریباً 40 فیصد کم ہیں۔ بارشوں کی کمی نے، خاص طور پر موسم بہار اور گرمیوں میں، ذخائر کی سطح کو شدید متاثر کیا ہے، جس سے سطحی اور زیر زمین پانی کے ذخائر متاثر ہوئے ہیں۔

20 جولائی کو تہران واٹر اتھارٹی نے خبردار کیا ہے کہ دارالحکومت کو پانی فراہم کرنے والے ذخائر ایک صدی میں اپنی کم ترین سطح پر پہنچ گئے ہیں، جو طویل خشک سالی کا نتیجہ ہے۔ گرمیوں کے مہینوں میں وقفے وقفے سے پانی کی کٹوتی پہلے ہی نافذ کی جا چکی ہے۔

3 نومبر کو تہران واٹر اتھارٹی کے سربراہ بہزاد پارسا نے کہا کہ اگر خشک سالی برقرار رہی تو ڈیم کے ذخائر صرف دو ہفتے تک شہر کو پانی فراہم کر سکیں گے۔ پزشکیان نے 23 جولائی کو پہلے ہی خبردار کیا تھا کہ اگر موجودہ رفتار سے بحران جاری رہا اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو عوام کو پانی فراہم کرنا عنقریب ناممکن ہو جائے گا۔

## جنوبی لبنان پر قابض اسرائیل کے وحشیانہ فضائی حملے، ایک شہید متعدد شہری زخمی

غزہ: جمعرات کی شام قابض اسرائیلی جنگی طیاروں نے جنوبی لبنان کے مختلف علاقوں پر وحشیانہ فضائی بمباری کی جس کے نتیجے میں ایک لبنانی شہری شہید اور متعدد دیگر زخمی ہو گئے۔ یہ حملے اس وقت کیے گئے جب قابض اسرائیل نے چند گھنٹے قبل ہی کھلے عام ان علاقوں کو نشانہ بنانے کی دھمکیاں دی تھیں۔ لبنانی ذرائع ابلاغ کے مطابق قابض اسرائیلی فضائیہ نے سب سے پہلے جنوبی قصبے ”الطیبہ“ پر بمباری کی جس کے بعد ”عیتا الجبل“ اور ”طیر دبہ“ کے علاقوں میں بھی اسی نوعیت کے حملے کیے گئے۔

حملوں کے فوراً بعد ایمبولینسیں زخمیوں کو بچانے کے لیے الطیبہ، طیر دبہ اور عیتا الجبل پہنچ گئیں اور شدید زخمیوں کو قریبی ہسپتالوں منتقل کیا گیا۔ لبنانی وزارت صحت نے تصدیق کی ہے کہ ایک شہری شہید ہوا جبکہ آٹھ افراد زخمی ہوئے۔

قابض اسرائیلی فوج نے جمعرات کی صبح ہی جنوبی لبنان کے متعدد دیہات کو دھمکی آمیز پیغامات بھیجے تھے اور الزام عائد کیا تھا کہ ان دیہات میں ”حزب اللہ کے ڈھانچے“ موجود ہیں۔ قابض فوج کے ترجمان نے کہا کہ اس کی افواج جلد ہی ”جنوبی لبنان میں حزب اللہ کی عسکری تنصیبات“ کو نشانہ بنائیں گی تا کہ مبینہ طور پر تنظیم کی سرگرمیوں کو روکا جا سکے۔

اسی سلسلے میں قابض اسرائیلی فوج نے ایک نقشہ بھی جاری کیا جس میں جنوبی قصبوں ”الطیبہ“ اور ”طیر دبہ“ کی عمارتوں کو سرخ رنگ میں ظاہر کر کے وہاں کے رہائشیوں کو فوری طور پر نقل مکانی کی ہدایت دی گئی۔

ترجمان نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ ”عوام ان عمارتوں کے قریب رہ رہے ہیں جنہیں حزب اللہ استعمال کر رہی ہے، لہٰذا انہیں کم از کم پانچ



سو میٹر دور چلے جانا چاہیے“۔ ساتھ ہی یہ دھمکی بھی دی کہ ”جو لوگ ان علاقوں میں رہیں گے وہ اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالیں گے“۔

دن کے اوائل میں بھی جنوبی لبنان کے مختلف علاقوں پر قابض اسرائیلی فضائی حملے کیے گئے تھے جن میں ایک شخص شہید اور دو زخمی ہوئے، جبکہ صہیونی جنگی طیارے دارالحکومت بیروت اور مشرقی لبنان کی فضا میں بھی مسلسل پروازیں کرتے رہے۔

لبنانی جنوبی سرحد گزشتہ کئی ہفتوں سے شدید کشیدگی کا شکار ہے۔ قابض اسرائیلی فوج وقفے وقفے سے لبنانی علاقوں پر بمباری کر رہی ہے حالانکہ فریقین کے درمیان جنگ بندی کا معاہدہ تا حال نافذ ہے۔

یہ نئی صہیونی جارحیت اس وقت سامنے آئی ہے جب امریکہ لبنان پر دباؤ ڈال رہا ہے کہ وہ حزب اللہ کے اسلحے کے خاتمے کے لیے اقدامات کرے۔ قابض اسرائیل مسلسل حزب اللہ کے ساتھ طے پانے والے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کر رہا ہے اور جنوبی و مشرقی لبنان میں بار بار فضائی حملے کر کے حزب اللہ کے گوداموں اور اڈوں کو نشانہ بنانے کا جھوٹا دعویٰ کرتا ہے۔ صہیونی فوج اب بھی وہ پانچ پہاڑی چوٹیاں قابض کیے ہوئے ہے جن پر وہ گزشتہ جنگ کے دوران قابض ہوئی تھی۔

یاد رہے کہ قابض اسرائیل نے لبنان کے خلاف اپنی موجودہ جارحیت کا آغاز اکتوبر سنہ 2023ء میں کیا جو ستمبر سنہ 2024ء میں ایک ہمہ گیر جنگ کی شکل اختیار کر گئی۔ اس جنگ میں چار ہزار سے زائد لبنانی شہید اور سترہ ہزار سے زیادہ زخمی ہوئے۔ بالآخر نومبر سنہ 2024ء میں جنگ بندی معاہدہ طے پایا۔

